نسلی مساوات کے فروغ پر
موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

ملازمین کو دوبارہ تربیت دینے والا بورڈ

خدمات سے متعلق

- ملازمین کی تربیت ثانیہ کا بورڈ (دی ایمپلائز ری ٹریننگ بورڈ)(ERB) مقامی افرادی قوت کی مہارتوں، ملازمت کی اہلیت اور مقابلہ کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے "مہارت پر مبنی" مختلف اقسام کے تربیتی کورسز اور خدمات کا ایک وسیع سلسلہ فراہم کرتا ہے۔ کل وقتی ملازمت سے منسلک کورسز، جز وقتی مہارتوں میں اضافہ اور عمومی مہارتوں کے کورسز پیش کیے جاتے ہیں، جس کا مقصد بے روزگار افراد کی ملازمت کے حصول میں مدد کرنا اور افرادی قوت کو نئی مہارتیں سیکھنے اور اپنی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنا ہے۔

موجودہ اقدامات

<u>مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے موزوں کورسز فراہم کرنا</u>

- مختلف نسل کے لوگوں کی تربیت کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے، کچھ کورسز انگریزی میں پیش کیے جاتے ہیں۔ کلاس کے آغاز میں زیادہ لچک فراہم کرنے کے لیے، کلاسیں عام طور پر چھوٹے کلاس سائز میں پیش کی جاتی ہیں۔

- ERB نے اپنے زبان کی ٹریننگ کے کورسز کی جامع جانچ پڑتال کرنے کے لیے ''زبان کے کورسز کا جائزہ لینے کے لیے ٹاسک فورس'' کا قیام عمل میں لایا، اس مقصد کے تحت کہ مواصلات میں حائل رکاوٹوں کو دُور کرنے میں اور زبان کے کورسز کی عملیت اور ادائیگی (آرٹیکولیشن) کو معیاری بنانے کے ذریعہ اپنی ملازمت کی قابلیت کو بہتر بنانے میں مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی مدد کی جائے اور ان کے لئے ترقی کا راستہ تیار کیا جائے۔ ERB چینی زبان کی ٹریننگ کے سلسہ میں مختلف نسلوں سے تعلق رکھتے والے افراد کے لیے اپنے تعاون کو مضبوط بنانا جاری رکھے گا اور سماجی انضمام اور ملازمت کے مقاصد کے تحت چینی زبان میں ان کی مہارت کو بڑھانے کے لیے ایک منظم چینی زبان کی ٹریننگ کی اسکیم کو نافذ کرے گا۔

- ERB یوتھ ٹریننگ پروگرام کے تحت 15 سے 29 سال کی عمر کے نسلی اقلیتی طبقے کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے وقف ایک ٹریننگ کورس کی پیشکش کر رہا ہے۔

- ERB نے "نسلی اقلیتوں کی ٹریننگ کی ضروریات سے متعلق فوکس گروپ" تشکیل دیا ہے تاکہ مختلف نسلوں کے لوگوں کی ٹریننگ اور ملازمت کی ضروریات کی شناخت کی جاسکے، اور مختلف نسلوں کے لوگوں میں ERB کورسز اور خدمات کو فروغ دینے کی حکمت عملیوں پر صلاح دی جاسکے۔ فوکس گروپ میں اقلیتی طبقے کی جماعت، معاشرتی خدمات

والی تنظیمیں، ٹریننگ ادارے (TBs)، آجر اور متعلقہ سرکاری ادارے شامل ہیں۔ ERB فوکس گروپ کے مشورے سے مختلف نسلوں کے لوگوں کے لئے نئے کورسز تیار کرتا رہے گا۔

سماجی اقدامات اور سپورٹ خدمات

- ERB درخواست کرتا ہے TBs (ٹریننگ باڈیز) سے کہ وہ انگریزی بولنے والے عملے کو مختلف نسل کے لوگوں کو خدمات فراہم کرنے کا بندوبست کریں اور TBs کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ERB کی خدمات فراہم کرتے وقت غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے فراہم کردہ تحریری اور زبانی ترجمہ کی خدمات کو استعمال کریں۔ کلاس میں زبانی ترجمہ کی خدمات کا، تدریسی معاونین کے ذریعے جو انگریزی اور نسلی اقلیتی زبانیں دونوں بول سکتے ہیں، بوقت ضرورت بنوبست کیا جاتا ہے۔

- ایسے تربیت حاصل کرنے والے افراد جنہوں نے نسلی اقلیتوں کے لیے وقف شدہ پلیسمنٹ سے منسلک کورسز مکمل کیے ہیں، اُنہیں چھ ماہ کی پلیسمنٹ فالو اپ سروس فراہم کی جاتی ہے۔

- ERB تربیتی کورسز کے تشہیری کتابچے انگریزی اور مختلف نسلی زبانوں میں شائع کرنے کے ساتھ ساتھ انگریزی میں ایک مخصوص تشہیری کتابچہ شائع کرتا ہے تاکہ انہیں مختلف ذرائع (جس میں شعبہء امور داخلہ (HAD) کی "ایمبیسیڈر اسکیم" کے تحت سماجی خدمت کی تنظیم بھی شامل ہے) کے ذریعے مختلف نسلی گروہوں میں تقسیم کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ نصابی خاکہ انگریزی میں چھاپا جاتا ہے، اور اخبارات، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اشتہارات انگریزی میں نشر کیے جاتے ہیں، اردو میں اشاعت آن لائن کی جاتی ہے۔

- اپنی تشہیری جد وجہد میں مزید افزودگی کے لیے ، ERB مختلف نسلوں کے لوگوں تک ERB کی خدمات کے بارے میں معلومات کی تشہیر کے لیے غیر سرکاری تنظیموں کے ذریعہ چلائے جانے والے اور HAD کی جانب سے مالی معاونت یافتہ نسلی اقلیتوں کے لیے سپورٹ سروس سینٹرز کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔ ERB باقاعدگی سے HAD کی جانب سے نسلی اقلیتوں کے لیے شائع ہونے والے "ہانگ کانگ میں خدمات کے لیے آپ کا گائیڈ" میں ERB کے جملہ کورسز اور خدمات کے بارے میں معلومات کو اپ ڈیٹ کرتا ہے۔

- ERB خدماتی مرکز میں مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے مخصوص معاونت کی خدمات پیش کی جاتی ہیں، بشمول ملازمت کی تلاش اور انٹرویو کی مہارتوں کے لیے وقف ورکشاپس اور گروپ سرگرمیاں ، کام کی جگہ کی زبانیں اور صنعت پر مبنی مہارت کا تجربہ ، وغیرہ ۔ سماجی خدمات کی تنظیموں کے تعاون سے، ERB مختلف اضلاع میں "ERB سروس اسپاٹس" قائم کرتا ہے تاکہ ERB کورسز کی معلومات اور داخلے کی خدمات فراہم کی جا سکیں، مخصوص صنعتوں سے متعلق سیمینار

اور ٹیسٹر (ابتدائی آزمائشی) کورسز کا انعقاد کیا جا سکے، اور عام عوام بشمول مختلف نسلوں کے لوگوں کو تربیت کے لیے مشاورتی خدمت کے لیے رجسٹریشن میں مدد دی جا سکے۔

- ERB کی تربیت کے لیے مشاورتی خدمت مختلف نسلوں کے لوگوں کو انٹرویوز کے ذریعے ان کی تربیتی ضروریات اور ملازمت کی خواہشات کا جائزہ لے کر ERB کورسز میں داخلہ لینے کی مناسب تربیت اور معاونت کے لیے تجاویز فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ تربیتی مشیر ERB کے کورسز اور خدمات کو فروغ دینے کے لیے سیمینار اور ورکشاپس منعقد کرنے کی خاطر ضلعی انجمنوں، مذہبی اجتماع کے مقامات، اسکولوں اور مختلف نسلوں کے لوگوں کی سماجی خدمات کی تنظیموں کے ساتھ بھی فعال طور پر رابطہ کرتے ہیں۔

- ERB مختلف نسلوں کے لوگوں کی تربیتی ضروریات کو پورا کرنے والی مخصوص سرگرمیوں سمیت ERB کورسز اور مختلف صنعتوں میں ترقی کے مواقع کو فروغ دینے کے لیے ضلعی بنیادوں پر مختلف نوعیت کی تشہیری سرگرمیوں کا ایک سلسلہ منظم کرنے کے لیے TBs کو فنڈز فراہم کرتا ہے۔"تربیت کے لیے امدادی خدمات کی معاونتی رقوم" کے علاوہ TBs کو اضافی تربیتی مواد تیار کرنے اور مختلف نسلوں کے افراد کو سیکھنے کے لیے معاونتی خدمات فراہم کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

- مختلف نسلوں کے اسکول نہ جانے والے افراد ERB کے صراحت کردہ لسانی کورسز میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے HAD سے سبسڈی حاصل کرسکتے ہیں، جس کا مقصد انہیں طویل مدتی تعلیم میں منہمک ہونے اور قابل تبادلہ ملازمت کی مہارتوں میں اضافہ کرنے کی ترغیب دینا ہے۔

- ERB نے ERB ہیڈ کوارٹرز، ERB خدماتی مرکز، ERB خدماتی مقامات، لیبر ڈیپارٹمنٹ جاب سینٹرز اور نامزد کردہ غیر سرکاری تنظیمی (NGO) شراکت داروں کے پاس "ERB ٹریننگ نیٹ" کورس تلاش کرنے والے ٹرمینلز نسب کیے ہیں۔ مختلف نسلوں کے لوگ ERB کورسز، تربیتی مراکز، خدمات اور سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور ساتھ ہی ان مقامات پر تربیت کے لیے مشاورتی خدمت کے لیے اندراج کر سکتے ہیں۔

- مستقبل میں اپنی تعلیم اور پیشہ ورانہ منصوبہ بندی کو آسان بنانے کے لیے، ERB مختلف نسلوں کے ہائر سیکنڈری اسکول (اعلیٰ ثانوی اسکول) کے طلباء کے لیے "اسکول کے لیے کیریئر کے عنوان پر تقاریر"، "مختصر تعارفی ورکشاپس" اور "کمپنی کے دورے" وغیرہ سمیت سرگرمیوں کا اہتمام کرتا ہے۔ آجروں کے نمائندے اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ERB ٹرینرز کو کیریئر کے مواقعوں، کام کے ماحول، مطلوبہ مہارتوں اور داخلے کے تقاضوں وغیرہ کو مختلف نسلوں کے طلباء کے ساتھ اشتراک کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ ERB کے نمائندے مختلف نسلوں کے طلباء کے لیے ERB کے موزوں

کورسز اور خدمات متعارف بھی کرواتے ہیں

<u>عملے کی ٹریننگ</u>

- مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ثقافت کی تفہیم کو فروغ دینے کے لیے اور عملے کی جانب سے انہیں فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو بڑھانے کے لیے، ERB ثقافتی تنوع کے موضوع پر ERB کے عملے، آجروں، اور تربیت دینے والے اداروں کے لیے"مساوی مواقع کا کمیشن" جیسی مختلف تنظیموں کے ساتھ مل کر ورکشاپس کا اہتمام کرتا ہے۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- ERB وقتاً فوقتاً مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے تربیتی کورسز اور خدمات کا جائزہ لیتا ہے، اور ان کی تربیتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مخصوص کورسز اور خدمات ترتیب دینے کی کوشش کرتا ہے۔ اس عمل میں ERB مختلف سٹیک ہولڈرز سے آراء طلب کرے گا، بشمول نسلی اقلیتوں کی تربیتی ضروریات پر فوکس گروپ، زیر تربیت افراد، تربیتی ادارے اور تکنیکی مشیر۔ مختلف نسلوں کے لوگوں کی طرف سے تحریری اور زبانی ترجمہ کی خدمات کے استعمال سے متعلق اعداد وشمار بھی جمع کیے جاتے ہیں تاکہ ان کی زبان کی ضرورت کی خدمات کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔

اپنائے گئے / اپنائے جانے والے اضافی اقدامات

- عام لوگوں کے لیے دوسرے تربیتی کورسز میں شرکت کے لیے مختلف نسلوں کے لوگوں کی سہولت کے لیے جو کینٹونیز بول سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں، ERB مزید منتخب کورسز کے لیے انگریزی تربیتی مواد کی تیاری جاری رکھے گا۔ یہ مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے صنعت پر مبنی تربیتی کورسز کی تیاری کا جائزہ لے رہا ہے۔

پوچھ تاچھ

- سوالات پوچھنے کے لیے، براہ کرم ERB کے ٹریننگ کنسلٹنٹ سے رابطہ کریں (ٹیلی فون: 3608 6760 / 3801 6760، ای میل: erbhk@erb.org ، فیکس: 8322 2369)

ملازمین کو دوبارہ تربیت دینے والا بورڈ
مئی، **2026**